UNIVERSITY OF
ENGINEERING & TECHNOLOGY
LAHORE 100+ Years of Academic Excellence



# ADMISSION GUIDE
# FOR FALL-2026

## Undergraduate Programs

- Ranked 201 in QS World University Rankings by Subject (2026)
- 440+ PhD Faculty (National & International)
- PKR 1.45 Billion+Scholarships Available Annually
- Hostel Facilities Subject to Availability
- 40+ Student Societies 450+ Events
- 20+ Sports Facilities Both Indoor & Outdoor
- Annual Career Fair and Strong Industry Linkages
- Transport Facilities Available

**Stay connected for updates & announcements. Scan Here:**

Facebook | Instagram | Linkedin

Visit our Websites: https://admission.uet.edu.pk/ https://apply.uet.edu.pk/

# UNIVERSITY OF ENGINEERING AND TECHNOLOGY, LAHORE

## UNDERGRADUATE ADMISSION PROCESS SCHEDULE - 2026 (FALL)

| EVENT | DATE | DAY / TIME |
|---|---|---|
| On-line Filling and Submission of Admission Forms Starts | 08-06-2026 | Monday |
| Candidate may request permission to edit already submitted application by paying Rs.1500/- | 12-07-2026 to 14-07-2026 | Sunday to Tuesday |
| Last date of On-Line Submission of Admission Forms | 15-07-2026 | Wednesday |
| Hafiz-e-Quran Test | 17-07-2026 | Friday (10:00AM) |
| Sports Test | 20-07-2026 | Monday (10:00AM) |
| Announcement of 1st Merit List | 24-07-2026 | Friday (Evening) |
| Last Date of Depositing Dues and Documents for 1st Merit List | As per mentioned on Offer Letter | |
| Announcement of 2nd Merit List | 07-08-2026 | Friday (Evening) |
| Last Date of Depositing Dues and Documents for 2nd Merit List | As per mentioned on Offer Letter | |
| Announcement of 3rd Merit List | 14-08-2026 | Friday (Evening) |
| Last Date of Depositing Dues and Documents for 3rd Merit List | As per mentioned on Offer Letter | |
| Announcement of 4th Merit List | 21-08-2026 | Friday (Evening) |
| Last Date of Depositing Dues and Documents for 4th Merit List | As per mentioned on Offer Letter | |
| Single Program Change of Preference application for admitted/ joined candidates on fee of Rs. 1,500/- per candidate | 28-08-2026 to 30-08-2026 | Friday to Sunday |
| Announcement of change of preference Merit List of admitted candidates | 01-09-2026 | Tueday (Evening) |

NOTE: After the announcement of the 4th Merit List, all program preferences of leftover / non-selected candidates, add-preference cases, and non-reported candidates shall be removed. Such candidates will be required to submit their program preferences again in accordance with the procedure available at admission.uet.edu.pk.

# UNIVERSITY OF ENGINEERING AND TECHNOLOGY, LAHORE

## UNDERGRADUATE ADMISSION PROCESS SCHEDULE - 2026 (FALL)

| EVENT | DATE | DAY / TIME |
|---|---|---|
| Commencement of Online Filling and Submission of Admission Forms for Leftover / Non-Selected Candidates and Non-Reported Candidates. Fee of Rs.3,000/- per candidate shall be charged | 02-09-2026 to 07-09-2026 | Wednesday to Monday |
| Announcement of Merit List of such cases | 08-09-2026 | Tuesday (Evening) |
| Last Date of Depositing Dues and Documents for such cases | 10-09-2026 | Thursday |
| Walk in Admissions Start (within the minimum merit on first cum first basis) Fee of Rs.3,000/- per candidate shall be charged | 11-09-2026 to 15-09-2026 | Friday to Tuesday |
| Announcement of Subsequent Merit Lists (subject to availability of vacant seats) | Every Friday | (Evening) |
| Last Date of Depositing Dues and Documents for Corresponding Merit List | Following Thursday | (Afternoon) |
| Allocation of Registration Numbers and Orientation in Respective Departments Starts | From 22-09-2026 | Tuesday |
| Hostel Allotment (Subject to availability) | Revised Schedule **31-08-2026** | Monday |
| Regular Classes Commencement | **Revised Schedule 07-09-2026** | Monday |

# یو ای ٹی داخلہ-ترجیحات کے انتخاب کی رہنمائی

## بنیادی درخواست کا طریقہ کار

سب سے پہلے امیدواران چالان پرنٹ کریں اور دی گئی ہدایات کے مطابق جمع کروائیں، پھر ایڈمیشن پورٹل پر لاگ ان ہو کر درخواست فارم مکمل کریں۔ پروگرام کی ترجیحات کا انتخاب اس عمل کا ایک اہم حصہ ہے، اس لیے اسے بہت احتیاط سے منتخب کریں۔ آپ کا یو ای ٹی میں داخلہ آپ کی منتخب ترجیحات پر منحصر ہے۔

## اہلیت

انجینئرنگ اور کمپیوٹنگ پروگرامز کے لیے داخلہ ٹیسٹ ضروری ہے، جبکہ سائنس اور بزنس پروگرامز کے لیے داخلہ ٹیسٹ درکار نہیں ہوتا۔ کمپیوٹنگ، سائنس اور بزنس پروگرامز کے لیے کم از کم 50% نمبر (انٹرمیڈیٹ / مساوی) اور انجینئرنگ پروگرامز کے لیے 60% نمبر (انٹرمیڈیٹ / مساوی) ضروری ہیں۔

اسی طرح ہر پروگرام کے لیے انٹرمیڈیٹ / مساوی میں مخصوص مضامین کا پڑھا ہونا ضروری ہے۔ مقررہ مضامین نہ ہونے کی صورت میں امیدواران پروگرام کے لیے نااہل تصور ہوں گے۔

امیدواران اپنی اہلیت پورٹل پر لازمی چیک کریں کیونکہ اہلیت نہ ہونے کی صورت میں کسی بھی مرحلے پر داخلہ منسوخ ہو سکتا ہے۔

## پروگرامز اور کیمپسز

امیدواران ایک ہی درخواست میں مختلف کیمپسز کے متعدد پروگرامز منتخب کر سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ ان کی اہلیت پر پورا اترتے ہوں۔ ہر پروگرام ایک علیحدہ ترجیح شمار ہوگا۔

## پروگرام کی کیٹیگریز

یو ای ٹی مختلف داخلہ کی کیٹیگریز فراہم کرتا ہے۔ پنجاب ڈومیسائل رکھنے والے امیدواران کے لیے عام طور پر A1 اور A2 کیٹیگریز ہوتی ہیں۔ A1 کی فیس A2 کے مقابلے میں تقریباً 35% کم ہوتی ہے۔ امیدواران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ تمام وہ کیٹیگریز منتخب کریں جن کے لیے وہ اہل ہیں، اس سے داخلے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ A1 اور A2 کے علاوہ بھی دیگر کیٹیگریز موجود ہیں، جنہیں آپ اپنی اہلیت کے مطابق منتخب کر سکتے ہیں، دیگر کیٹیگریز میں آپ اپنی اہلیت داخلہ ویب سائٹ پر چیک کر سکتے ہیں۔

## ترجیحات کے انتخاب کے اصول

ترجیحات کی ترتیب بہت اہم ہوتی ہے۔ اپنا سب سے پسندیدہ پروگرام اور کیمپس سب سے پہلے رکھیں اور پرانے میرٹ ٹرینڈز پر انحصار نہ کریں۔ ترجیحات ہمیشہ اپنی دلچسپی اور کیریئر کے مطابق منتخب کریں، اور تمام اہل کیٹیگریز ضرور شامل کریں۔ داخلے کے وقت سب سے پہلے آپ کو آپ کی پہلی ترجیح میں داخلہ دینے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اگر پہلی ترجیح میں نام نہ آئے تو دوسری ترجیح میں کوشش کی جاتی ہے، اور اسی طرح یہ عمل امیدوار کی دی گئی تمام ترجیحات کے مطابق جاری رہتا ہے۔

## داخلہ الاٹ ہونے کا طریقہ

داخلہ صرف آپ کی منتخب کردہ ترجیح میں ہی دیا جاتا ہے جہاں آپ کا میرٹ پورا اترتا ہو۔ جیسے ہی کسی ایک ترجیح میں سلیکشن ہو جائے، اس سے نیچے والی تمام ترجیحات ختم ہو جاتی ہیں۔ تاہم اگر فیس جمع کرا دی جائے تو اگلی میرٹ لسٹ میں آپ کو اوپر والی ترجیحات کے لیے دوبارہ غور کیا جائے گا۔

## اہم ہدایات

امیدوار کو صرف انہی پروگرامز اور کیٹیگریز میں دیکھا جاتا ہے جو انہوں نے منتخب کی ہوں۔ اگر کسی پروگرام کو منتخب نہیں کیا گیا تو اس میں داخلہ نہیں ملے گا، چاہے آپ کا میرٹ زیادہ ہی کیوں نہ ہو۔

## فیس اور دستاویزات جمع کروانا

اگر سلیکشن کے بعد فیس اور دستاویزات جمع نہیں کروائی جائیں گی تو آپ کو تمام اگلی میرٹ لسٹس سے خارج کر دیا جائے گا۔

اس لیے ترجیحات سوچ سمجھ کر منتخب کریں اور فیس بروقت جمع کروائیں۔

## اہم رہنمائی

ترجیحات دانشمندی سے منتخب کریں، تمام اہل کیٹیگریز شامل کریں، اپنی ترجیحات کی ترتیب واضح رکھیں، اور فیس و دستاویزات وقت پر جمع کروانا یقینی بنائیں۔

# میرٹ کا تعین

میرٹ کا تعین مختلف امتحانات میں حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

### برائے ECAT اور Non-ECAT پروگرامز:

**ECAT اور Non-ECAT** پروگرامز کے لیے میرٹ جانچنے کا طریقہ مختلف ہوتا ہے

### برائے ECAT پروگرامز

**برائے F.Sc امیدواران:**

ET(Entrance Test) کے نمبرز کا تناسب 33% ہوتا ہے۔

فرسٹ ایئر کے نمبرز کا تناسب 50% ہوتا ہے۔

میٹرک کے نمبرز کا تناسب 17% ہوتا ہے۔

**برائے (O/A) Levels امیدواران :**

ET (Entrance Test) کے نمبرز 33% شمار ہوں گے۔

O-Level یا مساوی تعلیم کے نمبرز 67% شمار ہوں گے۔

**برائے (DAE Diploma) ہولڈرز:**

ET (Entrance Test) کے 33% نمبرز

فرسٹ اور سیکنڈ ایئر کے مجموعی نمبرز 67% شمار ہوں گے۔

### برائے NON- ECAT پروگرامز

میٹرک کے نمبرز 25% شمار کیے جائیں گے۔

فرسٹ ایئر کے نمبرز 75% شمار کیے جائیں گے۔

**اہم ہدایات:**

انٹرمیڈیٹ مکمل ہونے کے باوجود میرٹ کے لیے صرف فرسٹ ایئر کے نمبرز استعمال ہوں گے۔

غیر ملکی گریڈز کو IBCC فارمولے کے مطابق نمبروں میں تبدیل کیا جائے گا۔

تمام انڈر گریجویٹ پروگرامز میں داخلے کے لیے میرٹ اسکور میں کم از کم 50% ضروری ہے۔

پری میڈیکل کے ساتھ میتھ رکھنے والے امیدواروں کے لیے بائیولوجی کے نمبرز شمار کیے جائیں گے۔

حافظِ قرآن امیدوار تصدیق کے بعد 20 اضافی نمبر حاصل کر سکتے ہیں۔

# داخلہ کا طریقہ کار (ہدایات)

## میرٹ لسٹ چیک کرنا

میرٹ لسٹ داخلہ پورٹل پر جاری کی جائے گی۔ امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اعلان شدہ شیڈول کے مطابق ویب سائٹ کو وزٹ کرتے رہیں تاکہ اپنے میرٹ اسٹیٹس کو چیک کر سکیں۔

## مطلوبہ دستاویزات کی تیاری

داخلے کے وقت امیدواران کو درج ذیل اصل دستاویزات تیار رکھنی ہوں گی:

-انٹرمیڈیٹ رزلٹ/ O&A Levels / DAE / Btech/ مساوی ڈگری

-میٹرک سرٹیفکیٹ / مساوی ڈگری

-ڈومیسائل سرٹیفکیٹ

-(CNIC) بی فارم / شناختی کارڈ

-ہر کیٹیگری کے مطابق دیئے گئے فارم

مندرجہ بالا اصل دستاویزات کی غیر موجودگی کی صورت میں داخلہ فائل جمع نہیں کی جاتی اور آپ کا نام لسٹ میں سے خارج کر دیا جائے گا۔

## آفر لیٹر ڈاؤن لوڈ کرنا اور نامزد مرکز کا دورہ

جب امیدوار کا نام میرٹ لسٹ میں آجائے تو اسے پورٹل سے آفر لیٹر ڈاؤن لوڈ کرنا ہوگا۔ آفر لیٹر میں درج تمام ہدایات کو غور سے پڑھنا لازمی ہے۔ امیدوار مطلوبہ اصل دستاویزات کے ساتھ نامزد مرکز پر حاضر ہو۔ داخلہ عملے کی جانچ پڑتال کے بعد فیس چالان اور داخلہ فائل جاری کی جائے گی۔

## داخلہ فائل کی تکمیل اور فیس جمع کروانا

امیدواران داخلہ فائل میں دی گئی ہدایات کے مطابق تمام دستاویزات مکمل کریں اور مقررہ فیس جاری شدہ چالان کے ذریعے دی گئی آخری تاریخ تک جمع کروائیں۔ فیس جمع کروانے کا ثبوت داخلہ فائل کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے۔

## داخلہ فائل جمع کروانا اور رسید کا حصول

داخلہ صرف اس وقت کنفرم ہوگا جب آپ رسید حاصل کریں گے۔ رسید کے بغیر داخلہ کنفرم نہیں ہوگا اور اگلی میرٹ لسٹ میں آپ کی سیٹ کسی دوسرے امیدوار کو دے دی جائے گی۔

رسید آپ آفر لیٹر پر موجود تاریخ تک مکمل داخلہ فائل بمع فیس کے ثبوت کے جمع کروانے کے بعد حاصل کر سکتے ہیں۔

## اہم نوٹ!!!

اگر کوئی امیدوار داخلہ کا آفر لیٹر موصول ہونے کے بعد مقررہ آخری تاریخ تک مطلوبہ فیس اور اصل دستاویزات جمع کروانے میں ناکام رہتا ہے، یا دستاویزات جمع کروانے کے بعد داخلہ کی رسید حاصل نہیں کرتا، تو اس کا داخلہ منسوخ تصور کیا جائے گا۔ ایسے امیدوار کا نام داخلہ فہرست سے خارج کر دیا جائے گا اور اسے بعد میں جاری ہونے والی کسی بھی میرٹ لسٹ میں زیرِ غور نہیں لایا جائے گا۔

# ترجیحات کی تبدیلی کا طریقہ کار

امیدواران جنہوں نے چوتھی میرٹ لسٹ تک کسی بھی شعبہ میں داخلہ حاصل کر لیا ہے اور اپنی داخلہ فیس مطلوبہ اصل دستاویزات مکمل طور پر جمع کروا چکے ہیں، وہ داخلہ پورٹل کے ذریعے ترجیحات / شعبہ کی تبدیلی کے لیے درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ درخواست جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کی سابقہ تمام ترجیحات خود بخود ختم ہو جائیں گی، سوائے اس شعبہ کے جس میں وہ پہلے سے داخلہ لے چکے ہیں۔

امیدواران کے لیے لازم ہے کہ وہ مقررہ شیڈول کے اندر 1500 روپے کا چالان جمع کروائیں، اور فیس جمع کروانے کے بعد امیدواران کو داخلہ پورٹل میں لاگ ان ہو کر اپنی درخواست جمع کروانا ہوگی، صرف ایک ہی ترجیح میں اضافہ یا تبدیلی کی اجازت ہوگی اور پورٹل پر صرف وہی شعبہ جات ظاہر ہوں گے جن میں نشستیں دستیاب ہوں گی اور جن کے لیے امیدوار میرٹ پر پورا اترتا ہو، تاہم نشستوں کی دستیابی امیدواران کے انخلا کی وجہ سے تبدیل ہو سکتی ہے۔

یہ واضح رہے کہ مقررہ وقت کے اندر ترجیح جمع کروانا اور چوتھی میرٹ لسٹ کے اختتامی میرٹ پر پورا اترنا مطلوبہ شعبہ میں داخلے کی ضمانت نہیں دیتا اور تمام درخواستوں پر فیصلہ سختی سے میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ ترجیحی تبدیلی کی علیحدہ میرٹ لسٹ داخلہ پورٹل پر درخواستوں کی وصولی کے اختتام کے بعد شیڈول کے مطابق جاری کی جائے گی، جس کا اختتامی میرٹ چوتھی میرٹ لسٹ سے زیادہ ہو سکتا ہے کیونکہ اس کا انحصار درخواست دہندگان کی تعداد اور ہر شعبہ میں نشستوں کی دستیابی پر ہوگا۔

امیدواران جو محدود نشستوں یا دیگر امیدواران کے زیادہ میرٹ کی وجہ سے منتخب نہیں ہو سکیں گے، ان کا داخلہ بدستور چوتھی میرٹ لسٹ کے تحت الاٹ کردہ شعبہ میں برقرار رہے گا۔

## لیفٹ اوور امیدوار

امیدواران جو پہلے اپلائی نہ کر سکے یا اپنی منتخب ترجیحات کی وجہ سے داخلہ حاصل نہ کر سکے یا وہ امیدوار جن کا نام میرٹ لسٹ میں آنے کے بعد رپورٹ نہ کرنے کے یا داخلہ رسید وصول کرنے میں ناکام رہے، انہیں خالی نشستوں کی دستیابی کی صورت میں ایک اور موقع فراہم کیا جائے گا۔ جو کہ سابقہ داخلہ پراسیس مکمل ہونے کے بعد شروع ہوگا۔ امیدواران کو داخلہ پورٹل سے اپنے اسٹیٹس کے مطابق چالان جنریٹ کرنا ہوگا (موجودہ امیدواران کے لیے 1500 روپے جبکہ نئے امیدواران کے لیے 3000 روپے) اور مقررہ وقت کے اندر جمع کروانا ہوگا۔ فیس جمع کروانے کے بعد امیدواران پورٹل میں لاگ ان کر کے صرف ایک ترجیح شامل کر سکیں گے، بشرطیکہ اس شعبہ میں نشستیں دستیاب ہوں اور امیدوار کا میرٹ چوتھی میرٹ لسٹ کے اختتامی میرٹ کے اندر ہو۔ درخواست جمع کروانے کے بعد لیفٹ اوور امیدواران کی دیے گئے شیڈول کے مطابق علیحدہ میرٹ لسٹ جاری کی جائے گی جس کا اختتامی میرٹ چوتھی میرٹ لسٹ سے زیادہ ہو سکتا ہے۔ منتخب امیدواران کو مقررہ مدت کے اندر فیس جمع کروا کر یونیورسٹی رپورٹ کرنا ہوگا تاکہ داخلے کے تمام مراحل مکمل کیے جا سکیں۔

## واک ان داخلہ

اگر تمام داخلہ مراحل کے بعد بھی کچھ نشستیں خالی رہ جائیں تو ان کو پُر کرنے کے لیے واک ان داخلہ کا عمل شروع کیا جائے گا، جو کلاسز کے آغاز کے بعد زیادہ سے زیادہ تین ہفتوں تک یا نشستیں بھرنے تک جاری رہے گا۔ دلچسپی رکھنے والے امیدوار کو دیے گئے شیڈول کے مطابق داخلہ پورٹل کے ذریعے آن لائن درخواست جمع کروانا ہوگی اور اپنے اسٹیٹس کے مطابق فیس (موجودہ امیدواران کے لیے 1500 روپے اور نئے امیدواران کے لیے 3000 روپے) کا چالان جنریٹ کر کے نامزد بینک میں جمع کروانا ہوگا۔ فیس جمع ہونے کے بعد درخواست ایک ہفتے تک مؤثر رہے گی۔ ہر جمعہ کی رات منتخب امیدواران کی فہرست داخلہ پورٹل پر جاری کی جائے گی، جنہیں مقررہ وقت کے اندر فیس جمع کروا کر یونیورسٹی رپورٹ کرنا ہوگا تاکہ داخلہ کی تمام کارروائی مکمل کی جا سکے۔
اگر کوئی امیدوار ایک ہفتے میں منتخب نہ ہو سکے تو اس کی درخواست ختم ہو جائے گی، اور اگلے ہفتے کے لیے دوبارہ درخواست دینے اور فیس جمع کروانے کی ضرورت ہوگی۔ یہ عمل ہفتہ وار بنیادوں پر زیادہ سے زیادہ تین ہفتوں تک جاری رہے گا، بشرطیکہ نشستیں دستیاب ہوں۔ درخواست جمع کروانا ہرگز داخلے کی ضمانت نہیں کرتا۔ داخلہ میرٹ اور نشستوں کی دستیابی پر منحصر رہے۔

# Program Offerings & Eligibility

## Engineering & Related Programs (60% in Intermediate / Equivalent)-ECAT 2026 Required)

F.Sc Pre-Engineering / ICS (Math, Physics, & Computer) or equivalent

- Architectural Engineering (LHR)
- Automotive Engineering (LHR)
- Biomedical Engineering (KSK, NWL)
  (F.Sc Pre-Medical accepted in addition to the above)
- Chemical Engineering (LHR, KSK, FSD)
- Civil Engineering (LHR, NWL)
- Computer Engineering (LHR)
- Electrical Engineering (All Campuses)
- Environmental Engineering (LHR)
- Geological Engineering (LHR)
- Industrial & Manufacturing Engineering (LHR)
- Mechanical Engineering (LHR, KSK, NWL, RCET)
- Mechatronics & Control Engineering (LHR, FSD)
- Metallurgical & Materials Engineering (LHR)
- Mining Engineering (LHR)
- Petroleum & Gas Engineering (LHR)
- Polymer Engineering (LHR)
- Textile Engineering (FSD)
- Transportation Engineering (LHR)

### PCATP and Industrial Design Program (Math, Physics, and Statistics are also accepted in addition to the above.)

- Architecture (LHR, NWL) (Minimum 60% Marks)
- City & Regional Planning (LHR)
- Product & Industrial Design (LHR)

[Minimum 50% Marks]

## Computing & Related Programs (50% in Intermediate / Equivalent)-ECAT 2026 Required)

F.Sc Pre-Engineering/Pre-Medical/ICS (Math, Physics, Statistics & Computer) or equivalent

- Artificial Intelligence (LHR, KSK)
- Business Data Analytics (LHR)
- Computer Science (All Campuses)
- Computer Science – NWL (Specialization in Quantum Computing)
- Cyber Security (LHR, KSK, FSD)
- Data Science (LHR, KSK, FSD)
- Robotics & Intelligent Systems (LHR)
- Software Engineering (LHR, KSK)
- Computer Engineering (NCEAC) – All Campuses Except Lahore (60% in Intermediate / Equivalent)

## Business & Science Programs (50% in Intermediate / Equivalent)-No ECAT Required)

Intermediate with any Combination

- Business Administration (LHR, KSK)
- Business Analytics (LHR)
- Business Information Technology (LHR, KSK, NWL)
- English Language and Literature (LHR)
- Interior Design – LHR (at least one Science subject)
- Islamic Studies – LHR (Specialization in Computer Technology)
- Logistics and Supply Chain Management (LHR)

F.Sc. (Pre-Engg, Pre-Medical) or equivalent with mandatory Chemistry

- Chemistry (LHR)
- Environmental Science (LHR)
- Food Science & Technology (KSK)
- Industrial Chemistry (LHR, FSD)

F.Sc. (Pre-Engg, Pre-Medical), ICS, or Intermediate with Mathematics, Statistics & Physics / Computer Science (or equivalent qualification)

- Energy Systems Management (KSK)
- Materials Science (LHR)
- Mathematics – LHR, KSK (with mandatory Mathematics)
  (with specialization in AI, Data Science, and IT)
- Physics – LHR (with mandatory Physics)
- Remote Sensing and GIS (LHR)

Scan these QR codes to access the **ADMISSION GUIDE:**

URDU GUIDE

ENGLISH GUIDE

Visit our Websites: https://admission.uet.edu.pk/ https://apply.uet.edu.pk/